V
SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالهم و ملکهم

نمبر ٢٣ | مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ٢٠ جمادی الاول ۱۳۶۱ھ مطابق ٦ جون ۱۹۴۲ء | جلد ٥٥

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
(جلد اول)

١	انتظام سلسلۂ واپسی خدمات اسپیشل منیجر صاحب	٢	٣	منظوری رخصت صاحب سکریٹری بہادر بادی گارڈ و انڈ فنسٹریز	٢
٢	منظوری موسومی ٹائپ پریس باسم رضا پرنٹنگ پریس	//			٣

آرڈرز آن کونسل رامپور اسٹیٹ

١	منظوری:- (١) قواعد تنازعات اہل حرفہ ریاست رامپور ۱۹۴۲ء (٢) قواعد اتحادیہ جماعت اہل حرفہ ریاست رامپور ۱۹۴۲ء (٣) قواعد معاوضہ خردہ دہان ریاست رامپور ۱۹۴۲ء (۴) قواعد ادائگی اُجرت ریاست رامپور ۱۹۴۲ء	٢	٢	منظوری اضافہ گریڈ تنخواہ منشی خادم علی خاں صاحب منیجر انہار	٣
			٣	// // // // // مسٹر کریم الدین صاحب انجینئر موٹر گیراج	//
			۴	منظوری توسیع مدت ملازمت مسٹر افتخار علی حیدر نقوی سپرنٹنڈنٹ کاٹیج انڈسٹریز	٥

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار :- واقع ۳۰ مئی سنہ ۱۹۳۲ء

سید ابو محمد صاحب اسپیشل منیجر کی مدت ڈیپوٹیشن ۱۴ جون سنہ ۱۹۳۲ء کو ختم ہو رہی ہے۔ عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ ان کی خدمات گورنمنٹ کو واپس کی جائیں۔ سید ابو محمد صاحب نے ریاست ہذا میں چار سال قابل اطمینان خدمات انجام دی ہیں۔ حسب تجویز بعد واپسی سید ابو محمد صاحب حسب ذیل انتظام کی بطور عارضی منظوری دیجاتی ہے :-

(۱) منشی سید آل حسن صاحب تحصیلدار شاہ آباد کو جو تحصیلداران میں سینیر ہیں۔ ایک سال کے لئے بطور عارضی اسپیشل منیجر مقرر کیا جاتا ہے۔ ان کو علاوہ تنخواہ موجودہ کے پچاس روپیہ ماہانہ بطور الاؤنس اور چالیس روپیہ ماہانہ موٹر الاؤنس ملے گا۔

(۲) سید آل حسن صاحب کے اسپیشل منیجر مقرر ہونے کے سلسلہ میں جو سلیکشن گریڈ دو سو پچاس روپے کا خالی ہوتا ہے۔ اس مدت میں منشی ممتاز علی خانصاحب تحصیلدار حضور تحصیل کو سلیکشن گریڈ کی تنخواہ دو سو پچاس روپیہ ماہانہ دی جائے۔

(۳) سید آل حسن صاحب تحصیلدار کی بجائے عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر انتظام کریں گے۔

(۴) اس مدت عارضی یکسالہ میں اگر سید آل حسن صاحب نے عہدہ اسپیشل منیجر کی خدمات قابل اطمینان انجام دیں تو ان کی مستقلی کی سفارش عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کر سکیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

حکم :- واقع ۳۱ مئی سنہ ۱۹۳۲ء

رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض جناب عالی مدعا گذارندہ

محب علیخاں تعلقداری مالک ناظم برقی پریس و محمد اشفاق خاں نے ذریعہ درخواست منسلک استدعا کی ہے کہ سامان ایک ٹائپ پریس لگانا چاہتے ہیں۔ پریس مذکور کا نام اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم کے نام نامی و اسم گرامی کی نسبت سے "رضا پرنٹنگ ورکس" رکھے جانے کی اجازت عطا فرمائی جائے۔ تاکہ پریس کا وقار بطور یادگار قائم رہے۔

ترجمہ یہ عرض کرنے پر اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم نے زبانی اجازت عطا فرمادی ہے۔ کاغذ ذریعہ عرضداشت ہذا حضور معلیٰ میں پیش کرکے ترجمہ مستدعی ہے کہ بیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری ضابطہ شرف صدور پائے۔ زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت و اقبال تاباں باد

فدوی

ترجمہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۳۰ مئی سنہ ۱۹۳۲ء

سررشتہ صدر سے حسب منشاء حکم ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ یکم جون سنہ ۱۹۳۲ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- واقع ۳۰ مئی سنہ ۱۹۳۲ء

مرتبہ عرضداشت عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری رخصت رعایتی نو یوم مطلوبہ مسٹر صدیق علی خاں صاحب سکریٹری بہادر ہاؤس ہولڈ و انڈسٹریز وغیرہ از یکم تا ۹ جون سنہ ۱۹۳۲ء

بتقریب شادی پسر خود بدیں صراحت کہ زمانہ رخصت مذکورہ بالا میں عہدہ صاحب سکریٹری بہادر ہاؤس ہولڈ و انڈسٹریز وغیرہ کا کام صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل علاوہ اپنے کام کے انجام دینگے۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ صاحب سکریٹری بہادر ہاؤس ہولڈ و انڈسٹریز وغیرہ کی رخصت رعایتی نو یوم از یکم جون سنہ ۱۹۲۲ء منظور ہے۔ ایام رخصت میں انکا کام صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل انجام دینگے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم
حکم

آرڈرزان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۶۲:- واقع ۲۵ر مارچ ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۵ر مارچ ۱۹۴۲ء میں عالیمرتبت صاحب منسٹر انچارج محکمہ قانون سازی کی تجویز بابت منظوری قواعد مندرجہ ذیل پیش ہوئی:-

۱- قواعد تنازعات اہل حرفہ ریاست رامپور ۱۹۴۲ء
۲- قواعد انجمن پنچایت اہل حرفہ ریاست رامپور ۱۹۴۲ء
۳- قواعد معاوضہ مزدوران ریاست رامپور ۱۹۴۲ء
۴- قواعد ادائگی اجرت ریاست رامپور ۱۹۴۲ء

طے پایا کہ

۱- تحت قوانین متعلق، قواعد ہائے مندرجہ بالا کے نفاذ کی منظوری دی جاتی ہے۔

۲- صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت سے دریافت کیا جائے کہ قواعد ہائے مذکورہ بالا کی کن دفعات کے تحت گورنمنٹ رامپور کے اختیارات عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ صنعت وحرفت کو قابل عطا ہیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل حکم ہذا کی مع نقل قواعد ہائے مذکورۂ بالا درج گزٹ کی جائے۔ اصل کاغذات بعد اشاعت بگزٹ بخدمت عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی ارسال کئے جائیں۔
(نوٹ:- قواعد مذکورہ بالا کی کاپیاں حصہ سوم میں شامل ہیں)

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر ۶۳:- واقع ۱۷ر جون ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ یکم جون ۱۹۴۲ء میں عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری اضافہ گریڈ پانچ روپیہ ماہانہ بہ تنخواہ منشی خادم علی خاں صاحب منیجر اصطبل از یکم مئی ۱۹۴۲ء مصدقہ صیغہ فائنانس پیش ہوئی۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز منشی خادم علی خاں صاحب منیجر اصطبل کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ از یکم مئی ۱۹۴۲ء منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر ۶۴:- واقع ۱۷ر جون ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ یکم جون ۱۹۴۲ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری اضافہ گریڈ دس روپیہ ماہانہ بہ تنخواہ موجودہ مسٹر کریم الدین صاحب انجنیر موٹر گیراج از یکم مئی ۱۹۴۲ء مصدقہ صیغہ فائنانس پیش ہوئی۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز مسٹر کریم الدین صاحب انجنیر موٹر گیراج کی موجودہ تنخواہ میں دس روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ از یکم مئی ۱۹۴۲ء منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر ۷۲ مورخہ ۳ر جون ۱۹۲۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ یکم جون ۱۹۲۲ء میں عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ صنعت و حرفت کی تجویز بایں تفصیل پیش ہوئی کہ مسٹر افتخار علی صدیقی سپرنٹنڈنٹ کاٹیج انڈسٹریز مشاہرہ دارِ دوصد روپیہ کی مدت ملازمت ۳۰ر اپریل ۱۹۲۲ء کو ختم ہو گئی ہے۔ لہذا تجویز ہے کہ ان کی مدت ملازمت میں مزید توسیع بمشاہرہ موجودہ از یکم مئی ۱۹۲۲ء ایک سال کے لئے منظور کیجائے۔

طے پایا کہ :-

حسب تجویز، مسٹر افتخار علی صدیقی سپرنٹنڈنٹ کاٹیج انڈسٹریز کی ملازمت میں مزید ایک سال کی توسیع بمشاہرہ موجودہ از یکم مئی ۱۹۲۲ء منظور رہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل